بفیضِ روحانی۔ تاجدار اہلسنت شہزادۂ اعلیحضرت سرکار حضور مفتئ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ
مسمّی بنام تاریخی مُشعرِ سالِ تصنیف

تجانب اہل السنۃ
عن
اہل الفتنۃ

ملقّب بلقب تاریخی مُشعرِ سالِ تکمیل

اجتناب اہل السنۃ عن اہل الفتنۃ

۱۳۶۱ھ

تصنیف لطیف

ناصرِ سنیت کاسر لامذہبیت مناظرِ اہلسنت حضرت علامہ مولانا مفتی
محمد طیّب صاحب صدیقی قادری برکاتی دانا پوری علیہ الرحمۃ والرضوان

ناشِر

مدرسہ گلشن رضا۔ کولمبی۔ ضلع ناندیڑ (مہاراشٹر)

آہ! کیا ستم شعاری ہے کہ دہریت پر اسلام کا پردہ ڈال کر اس کی اشاعت کی جا رہی ہے۔ اُف! کیسی جفا کاری ہے کہ تعلیمات اسلام کے شہد میں الحاد و بے دینی کا زہر ملا کر مسلمانوں کے قلوب میں پیوست کیا جا رہا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۝

بحکم شریعت مسٹر جینا اپنے ان عقائد کفریہ قطعیہ یقینیہ کی بنا پر قطعاً مرتد اور خارج از اسلام ہے۔ اور جو شخص ان کے ان کفروں پر مطلع ہونے کے بعد اس کو مسلمان جانے یا اسے کافر نہ مانے یا اس کے کافر مرتد ہونے میں شک رکھے یا اس کو کافر کہنے میں توقف کرے وہ بھی کافر مرتد شر اللئام اور بے توبہ مرا تو مستحق لعنت عزیز علام والعیاذ باللہ الملک المنعام

جواب سوال نہم - حسن نظامی نے اپنے ایک ناپاک رسالے میں جس کا نام اس نے مرشد کو سجدۂ تعظیم رکھا۔ برخلاف اجماع امت مرید کے لیے پیر کو سجدۂ تعظیمی کرنا جائز و حلال ٹھہرایا جس کا رد قاہر حضور پرنور امام اہلسنت مجدد دین و ملت فاضل بریلوی سیدنا اعلیحضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب مبارک مسمّٰی بنام تاریخی الزبدۃ الزکیۃ لتحریم سجود التحیۃ میں ملاحظہ ہو لیکن ہمیں اس وقت اس پر نظر نہیں نہ ہم اس وقت یہ دیکھتے ہیں کہ حسن نظامی نے اپنی کتابوں محرم نامہ، یزید نامہ و طمانچہ بر رخسار یزید،، میں جا بجا حضرت سیدنا عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سیدنا ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ صہر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اور حضرت ہادی مہدی سیدنا امیر معاویہ